سوال

(52) جیب میں اذکار کی کتاب اور طہارت

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اگر کسی کی جیب میں اللہ کا نام، قرآن کی کوئی سورت یا دعاؤں کی کتاب ہو تو وہ پیشاب، پاخانے کے لیے جا سکتا ہے یا نہیں؟ جبکہ اس قسم کی روایات (کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم) انگوٹھی اتارتے تھے سب کی سب ضعیف ہیں۔ (حبیب اللہ، پشاور)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

انگوٹھی اتارنے والی روایت ضعیف و منکر ہے دیکھئے سنن ابی داود (ح 19 نیل المقصود) وغیرہ، باقی امور کے بارے میں خود اجتہاد کرلیں۔ بہتر یہی ہے کہ سورتوں وغیرہ کو کسی محفوظ جگہ رکھ کر ہی بیت الخلاء میں داخل ہوں۔ واللہ اعلم۔ (شہادت جنوری 2003ء)

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاوی علمیہ

جلد1۔کتاب العقائد۔صفحہ 197

محدث فتویٰ